## رسیدات

رسید فارسی کے مصدر رسیدن کا اسمِ حاصل مصدر ہے جس کے معنی وصول کرنا، پہنچنا، رسائی وغیرہ کے ہیں۔ اصطلاحی معنوں میں وہ تحریر جس میں کسی شے کے پہنچنے یا وصول ہونے کا مضمون ہو۔ قانونی لحاظ سے رقم یا سامان وصول کرنے کی باقاعدہ تحریر جس میں وصول کرنے والے اور گواہوں کے دستخط موجود ہوں۔ رسید دراصل دو اشخاص یا فریقین کے درمیان کسی چیز کے لین دین کی وہ تکمیل ہے جس میں ایک شخص معاہدہ کر کے یا مقررہ قیمت وصول کر کے اپنی چیز دوسرے شخص کو دیتا ہے اور اس کے بدلے میں ایک قانونی دستاویز تحریر کر دیتا ہے۔

### رسیدی اصطلاحات

رسید لکھنے کے لیے کچھ اصطلاحات بھی مخصوص ہیں، مثلاً: رقم کے لیے مبلغ؛ زمین کے لیے موازی؛ بڑے جانور کے لیے راس؛ چھوٹے جانور کے لیے شاخ؛ گھوڑے یا گدھے کے لیے لگام اور اونٹ کے لیے نکیل کی اصطلاحات مروّج ہیں۔

رسید نویسی کے لیے چند ہدایات:

۱۔ سب سے اوپر رسید کا عنوان تحریر کریں۔

۲۔ تحریر کا سبب لکھیں، اس کے لیے فارسی کی ترکیب ''باعثِ تحریر آنکہ'' مقبول ہے۔

۳۔ العبد کے دونوں طرف گواہوں کے نام اور پتے لکھیں۔

۴۔ العبد کے نیچے وہ تاریخ لکھیں جب رسید قلم بند کی گئی ہو۔

۵۔ تحریر کے اختتام پر صفحے کے درمیان میں ''العبد'' یعنی وصول کنندہ کا نام، ولدیت، قومی شناختی کارڈ نمبر اور مستقل رہائش کا پتا لکھیں۔

۶۔ نفسِ مضمون میں اشیا کی تفصیل اور رقم کا بیان مفصّل لکھیں۔

#### ۱ رسید بابت وصولی رقم: فروخت گندم

باعثِ تحریر آنکہ

مبلغ چھے ہزار روپے (۶،۰۰۰) نصف جن کے مبلغ تین ہزار روپے (۳،۰۰۰) ہوتے ہیں، بابت قیمت گندم ایک توڑا ازاں محمد خالد ولد محمد سعید ذات کھوکھر، ساکن رحمت ٹاؤن، فیصل آباد نقد وصول پا کر رسید لکھ دی ہے تاکہ سند رہے اور وقتِ ضرورت کام آئے۔

| گواہ شد | العبد | گواہ شد |
|---|---|---|
| محمد فیاض ولد محمد بشیر | محمد مسعود ولد محمد سعید | رضوان ولد محمد بخش |
| ساکن________ | ساکن________ | ساکن________ |
| تحصیل و ضلع________ | تحصیل و ضلع________ | تحصیل و ضلع________ |
| قومی شناختی کارڈ نمبر________ | قومی شناختی کارڈ نمبر________ | قومی شناختی کارڈ نمبر________ |

دستخط________ دستخط________ دستخط________

تاریخ: ۱۵/ جنوری ___۲۰ء

## ۲ رسید بابت وصولی رقم: فروخت موٹر سائیکل

باعث تحریر آنکہ

مبلغ پچاس ہزار روپے (۵۰۰۰۰) نصف جن کے مبلغ پچیس ہزار روپے (۲۵۰۰۰) ہوتے ہیں، بابت فروخت موٹر سائیکل، رجسٹریشن نمبر ایل ای ۶۵ ۷، ماڈل ۲۰۰۰ء، رنگ سرخ، کمپنی۔۔۔۔، انجن نمبر پی ایس ۱۹۱۸۸۷، چیسیز نمبر ۲۲۵۵۴۳۶ ازاں محمد قاسم ولد محمد سلیم، ذات بھٹی، ساکن مومن آباد، ضلع سرگودھا نقد وصول پائے اور رسید لکھ دی تا کہ سند رہے اور وقتِ ضرورت کام آئے۔

| گواہ شد | العبد | گواہ شد |
|---|---|---|
| اعجاز احمد ولد محمد منیر | محمد دین ولد حمد اللہ | کوثر علی ولد رحمت |
| ساکن________ | ساکن________ | ساکن________ |
| تحصیل و ضلع________ | تحصیل و ضلع________ | تحصیل و ضلع________ |
| قومی شناختی کارڈ نمبر________ | قومی شناختی کارڈ نمبر________ | قومی شناختی کارڈ نمبر________ |
| دستخط________ | دستخط________ | دستخط________ |

تاریخ: ۲۰/ فروری ___۲۰ء

## ۳ رسید بابت وصولی رقم: کرایہ مکان

باعث تحریر آنکہ

مبلغ تیس ہزار روپے (۳۰۰۰۰) نصف جن کے مبلغ پندرہ ہزار روپے (۱۵۰۰۰) ہوتے ہیں، بابت کرایہ مکان نمبر ۴۲ سی بلاک، کنڈر گارٹن کالونی، گوجرانوالہ ازاں۔ محمد عمیر ولد صغیر احمد، ذات چیمہ، ساکن جھنگ نقد وصول پا کر رسید لکھ دی ہے تا کہ سند رہے اور وقتِ ضرورت کام آئے۔

| گواہ شد | العبد | گواہ شد |
|---|---|---|
| محمد اشرف ولد محمد اکبر | عبدالمنان ولد محمد اکبر | اللہ بخش ولد محمد بخش |
| ساکن________ | ساکن________ | ساکن________ |

| | | |
|---|---|---|
| تحصیل وضلع________ | تحصیل وضلع________ | تحصیل وضلع________ |
| قومی شناختی کارڈنمبر________ | قومی شناختی کارڈنمبر________ | قومی شناختی کارڈنمبر________ |
| دستخط________ | دستخط________ | دستخط________ |

تاریخ: ۳۰/مارچ __۲۰ء

## ۴ رسید بابت وصولی رقم: گائے

باعث تحریر آنکہ

مبلغ اسی ہزار روپے(۸۰۰۰۰)نصف جن کے مبلغ چالیس ہزار روپے(۴۰۰۰۰)ہوتے ہیں، بابت قیمت ایک راس گائے، رنگ بھورا، دائیں آنکھ سیاہ، عمر چھے سال ازاں مسمی میاں عبدالرشید ولد میاں عبدالقدیر، ذات ارائیں، سکنہ ۳۲ شمالی، تحصیل کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ، نقد وصول پا کر رسید لکھ دی ہے تا کہ سند رہے اور وقتِ ضرورت کام آئے۔

| گواہ شد | العبد | گواہ شد |
|---|---|---|
| محمد طارق ولد محمد شفقت | طلحہٰ خان دولد اسد خان | افتخار احمد ولد شجاع |
| ساکن________ | ساکن________ | ساکن________ |
| تحصیل وضلع________ | تحصیل وضلع________ | تحصیل وضلع________ |
| قومی شناختی کارڈنمبر________ | قومی شناختی کارڈنمبر________ | قومی شناختی کارڈنمبر________ |
| دستخط________ | دستخط________ | دستخط________ |

تاریخ: ۱۰/ اپریل __۲۰ء

## ۵ رسید بابت وصولی رقم: لگان

باعث تحریر آنکہ

مبلغ دس ہزار روپے(۱۰۰۰۰)نصف جن کے مبلغ پانچ ہزار روپے(۵۰۰۰)ہوتے ہیں، بابت زر لگان، فصل ربیع، سال۔۔۲۰ء ازاں مسمی منیر حسین ولد امیر حسین، قوم قریشی ساکن تحصیل وضلع شیخوپورہ وصول پا کر رسید لکھ دی ہے تا کہ سند رہے اور وقتِ ضرورت کام آئے۔

| گواہ شد | العبد | گواہ شد |
|---|---|---|
| ضیاالدین ولد غلام محمد | عبداللہ ولد مشتاق احمد | نعمان احمد ولد محمد اعظم |

| | | |
|---|---|---|
| ساکن________ | ساکن________ | ساکن________ |
| تحصیل وضلع________ | تحصیل وضلع________ | تحصیل وضلع________ |
| قومی شناختی کارڈ نمبر________ | قومی شناختی کارڈ نمبر________ | قومی شناختی کارڈ نمبر________ |
| دستخط________ | دستخط________ | دستخط________ |

تاریخ: ۲۰رمئی ___۲۰ء

## ٦ رسید بابت وصولی رقم: وظیفہ

باعث تحریر آنکہ

مبلغ پانچ ہزار روپے (۵۰۰۰) نصف جن کے مبلغ پچیس سو روپے (۲۵۰۰) ہوتے ہیں، بابت وظیفہ ماہ دسمبر ۲۰۲۲ء از اں پرنسپل، گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ گرلز کالج، جام پور وصول پا کر رسید لکھ دی ہے تا کہ سند رہے اور وقتِ ضرورت کام آئے۔

| گواہ شد | العبد | گواہ شد |
|---|---|---|
| رخسانہ جمیل ولد محمد نذر | راحیلہ روحی ولد محمد اکبر | ریحانہ اکبر ولد محمد اکبر مزمل |
| جونیئر کلرک | طالب علم سالِ اوّل | طالب علم سالِ اوّل |
| گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ | گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ | گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ |
| گرلز کالج، جام پور | گرلز کالج، جام پور | گرلز کالج، جام پور |
| ضلع: راجن پور | ضلع: راجن پور | ضلع: راجن پور |
| قومی شناختی کارڈ نمبر________ | قومی شناختی کارڈ نمبر________ | قومی شناختی کارڈ نمبر________ |
| دستخط________ | دستخط________ | دستخط________ |

تاریخ: ۳۰رنومبر___۲۰ء